## ایم کیوایم کے زیر اہتمام شہید چیئرمین عظیم احمد طارق کی 19 ویں برسی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی

## لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں شہید کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا

## برسی کے اجتماع میں ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست ارکان اسمبلی، شعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی

کراچی۔۔۔یکم مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام ایم کیوایم کے شہید چیئرمین عظیم احمد طارق کی 19 ویں برسی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔ برسی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، کنور خالد یونس، رضا ہارون،، وسیم آفتاب، افتخار اکبر رندھاوا، سلیم تاجک، آنسہ ممتاز انوار، حق پرست اراکین اسمبلی، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے اراکین، سیکٹر ویونٹ کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔ بعد ازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں عظیم احمد طارق شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، اسیر کارکنان کی جلد رہائی، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

## کوئٹہ سریاب روڈ اریگیشن کالونی بم دھماکہ میں ملوث افراد کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے، الطاف حسین

## جناب الطاف حسین کی دھماکے میں شہید افراد کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا

لندن:۔۔۔یکم مئی، 2012ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے کوئٹہ سریاب روڈ اریگیشن کالونی کے قریب بم دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے میں متعدد افراد کے شہید وزخمی ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بے گناہ شہریوں کے جان ومال سے کھیلنے والے مسلمان تو کیا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں دہشت گردی کے واقعات میں مسلسل اضافہ لمحہ فکریہ ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیر اعلیٰ بلوچستان اسلم رئیسانی سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ سریاب روڈ اریگیشن کالونی میں بم دھماکہ میں ملوث افراد کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور دہشت گردی کے واقعات کے روک تھام کیلئے صوبائی حکومت فوری ٹھوس اور عملی اقدامات کرے۔جناب الطاف حسین نے دھماکہ میں شہید ہونے والے افراد کے ایصال ثواب اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا کے کارکن ضیاء مہدی اور ہمدرد احسن عباس کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔یکم مئی 2012ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن ضیاء مہدی اور ہمدرد احسن عباس کی شہادت پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ضیاء مہدی شہید اور احسن عباس شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ضیاء مہدی شہید اور احسن عباس شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین) جناب الطاف حسین نے فائرنگ سے زخمی ہونیوالے فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے ہمدرد جنید کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## ضیاءمہدی، جنیداوراحسن عباس پر فائرنگ کر کے شہید وزخمی کرنے کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

## فائرنگ کا واقعہ شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش ہے، احسن عباس شہید کے لواحقین سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کریم آباد کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 144 کے کارکن ضیاءمہدی اور ہمدرد احسن عباس کے بہیمانہ قتل اور فائرنگ کر کے ایم کیوایم کے ہمدرد جنید کوزخمی کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واردات کوشہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی گھناؤنی سازش کا حصہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض امن دشمن عناصر شہر میں کاامن خراب کرنے کیلئے فرقہ وارانہ قتل وغارت کا بازارگرم کیے ہوئے ہیں اور ضیاءمہدی، جنیداوراحسن عباس پر فائرنگ بھی اس سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گردوں نے ضیاءمہدی، جنیداوراحسن عباس کوشناخت کے بعداس وقت فائرنگ کانشانہ بنایااوران کے سروں میں گولی ماری جب وہ ناظم آباد میں اپنے پریس کا کام کر کے فیڈرل بی ایریا اپنے گھر واپس جارہے تھے جس کے نتیجے میں ضیاءمہدی اوراحسن عباس زخموں کی تاب نہ لاکرشہید ہوگئے جبکہ جنید شدید زخمی حالت میں اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔رابطہ کمیٹی نے ضیاءمہدی شہیداوراحسن عباس شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہید کی مغفرت اور سوگوار لواحقین کے صبر جمیل کیلئے دعا کی۔رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ضیاءمہدی اوراحسن عباس شہید کی شہادت کا نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث دہشت گردوں کوگرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہونیوالے کارکن جنید کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیااوران کیلئے دعائے صحت کی۔دریں اثناءضیاءمہدی شہیداوراحسن عباسی شہید کو وادی حسین سپرہائی کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہداء کی نماز جنازہ انچولی امام بارگاہ میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اورتدفین میں حق پرست صوبائی وزیر خالد عمر، رکن سندھ اسمبلی امام الدین شہزاد، کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہدائکے عزیزواقارب نے شرکت کی۔

## حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس کے نومنتخب عہدیداران کو رابطہ کمیٹی کی مبارکباد

کراچی۔۔۔یکم مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس کے سال 13-2012 کے انتخاب میں نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک تہنیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس کے نومنتخب صدر فرحان آفندی، جنرل سیکریٹری عرفان آرائیں اور دیگر نومنتخب عہدیداران اوراراکین صحافیوں کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام صلاحیتیں استعمال میں لائیں گے۔

## روزنامہ جنگ کے سینئرصحافی شفیع الزماں کے انتقال پر واسع جلیل کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم مئی 2012ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے روزنامہ جنگ کے سینئر صحافی شفیع الزماں کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔واسع جلیل نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## الطاف حسین کا شاہین مجید اور محبوب الٰہی سے ان کی بہن کے انتقال پر اظہار تعزیت

لندن:۔۔۔01 مئی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کی رکن شاہین مجید اور ایم کیوایم برطانیہ ساؤتھ آل یونٹ کے انچارج محبوب الٰہی کی بہن شاہین الٰہی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالی مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر و اراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے بھی شاہین مجید اور محبوب الٰہی سے ان کی بہن کے انتقال پر تعزیت اورافسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے بلند درجات اور سوگوار لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## محنت کشوں کے مسائل حل کیئے بغیر یوم مئی کا حق ادا نہیں کیا جاسکتا، ڈاکٹر فاروق ستار

## بیلٹ سے آنیوالی تبدیلی کو روکنے کی کوشش کی گئی تو لیبیا اور مصر جیسا انقلاب آئیگا

## پاکستان کی ہچکولے کھاتی کشتی کو اگر کوئی کنارے لگا سکتا ہے تو وہ صرف متحدہ قومی موومنٹ ہے۔

## انقلاب کیلئے ہمیں خود نکلنا ہوگا اور خود کو ایک پاکستانی ثابت کرکے ایک قوم کا تصور پیش کرنا ہوگا، وسیم آفتاب

## جناب الطاف حسین کو پاکستان میں بسنے والے محنت کش مزدوروں سے محبت و یکجہتی ہے، شعیب احمد بخاری

## ملک میں جمہوریت نہیں بلکہ لوٹ مار کی سیاست ہورہی ہے، آغا مسعود

## ایم کیوایم مڈل کلاس طبقہ کی جماعت ہے جو غریب مزدوروں کے مسائل کو بہتر طریقے سے سمجھ سکتی ہے، مقتدا منصور

## یوم مئی کے موقع پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے زیراہتمام یوم مزدور کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر و وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ پاکستان کو قائداعظم محمد علی جناح کا پاکستان بنانے کیلئے ایسی پالیسیاں واضح کرنا ہونگی جن سے پاکستان کا عام مزدور اپنے پیروں پر کھڑا ہوسکے۔انہوں نے کہا کہ بیلٹ سے آنیوالی تبدیلی کو روکنے کی کوشش کی گئی تو لیبیا اور مصر جیسا انقلاب آئیگا۔انہوں نے ایم کیوایم محنت کشوں کو مایوس نہیں کرے گی اور ایم کیوایم مستقل تبدیلی اور انقلاب کی بات کررہی ہے ہمیں اس کیلئے تیاری مکمل رکھنی ہوگی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم مئی کے موقع پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے زیراہتمام یوم مزدور کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر اراکین رابطہ کمیٹی اشفاق منگی، افتخار اکبر رندھاوا، سید شاکر علی اور ایم کیوایم کے رہنماء عامر خان بھی موجود تھے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پاکستان کی ہچکولے کھاتی کشتی کو اگر کوئی کنارے لگا سکتا ہے تو وہ صرف متحدہ قومی موومنٹ ہے،اس پرآشوب دور میں جہاں متحدہ کے پاس صرف ساڑھے چھ فیصد کا مینڈیٹ ہے اور ستر فیصد مینڈیٹ کا چیلنج دیا جارہا ہے ہم اس چیلنج کو قبول کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے مظلوموں کا اگر کوئی نجات دہندہ ہے تو وہ صرف اور صرف الطاف حسین ہے اور آج پاکستان کے مسائل کا حل کسی کے پاس ہے تو وہ متحدہ قومی موومنٹ کے پاس ہے۔انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے یقین دلایا کہ ایم کیوایم اس چیلنج کو قبول کرتی ہے اور اس وقت تک محنت کشوں مزدور کی جدوجہد سے دستبردار نہیں ہوگی جب تک پاکستان میں فرسودہ طبقاتی نظام رائج ہے ہم اپنی جدوجہد سے اس نظام کو جڑ سے اکھاڑ کر نہیں پھینک دینگے اس وقت تک ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں اس بات پر ناز ہے ہم الطاف حسین کے کارکن ہیں پاکستان میں حقوق کیلئے جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان کے بعد لوگوں کو حقوق مل گئے تھے ایک ایسا بھی وقت آیا جب حقوق مل گئے تھے لیکن مراعات یافتہ طبقے نے اسے غصب کرلیا اب مسئلہ حقوق لینا نہیں بلکہ ان حقوق کو مراعات یافتہ طبقے وارگزار کرانا ہے اور وہ بھی تاوان ادا کیے بغیر۔انہوں نے کہا کہ ہم مستقل تبدیلی کی بات کرتے ہیں کسی بھی کامیاب تحریک کی کامیابی یا تو ہاریوں کی مرہون منت ہوتی ہے یا طلبہ وطالبات کی مرہون منت ہوتی ہے اور ہمیں فخر ہے کہ آج ہماری جدوجہد میں ہاری، محنت کش مزدور اور طلبہ وطالبات بھی شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں آج پاکستان کی بقاء وسلامتی کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے یہ پیغام دیتا ہوں کہ محنت کش طبقے کو بااختیار بنایا جائے کیونکہ جب تک محنت کش طبقے کو بااختیار نہیں بنایا جائیگا اس وقت تک پاکستان ترقی نہیں کرسکتا۔انہوں نے کہا کہ محنت کشوں کے مسائل حل کیئے بغیر یوم مئی کا حق ادا نہیں کیا جاسکتا آج محنت کش مزدور کی تنخواہ کم ازکم دس ہزار روپے ہونا چاہئے ۔1990ء میں تندور کی روٹی کی قیمت 50 پیسے تھی اور سیل فون فی منٹ چارجز 8 روپے تھے لیکن آج فون چارجز کی قیمت 50 پیسے فی منٹ ہے اور تندور کی روٹی 8 روپے کی ہے۔اجتماع سے رکن رابطہ کمیٹی وسیم آفتاب نے اپنے خطاب میں شکاگو کے مزدوروں کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ شکاگو کے محنت کشوں نے اپنے حصے کا کام مکمل کرلیا اور وہاں کے مزدور سکون کی زندگی گزار رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس (پاکستان) ریاست کے ڈائزئن میں یہ موجود ہی نہیں ہے کہ یہاں بسنے والے لوگوں کے ساتھ کیسا سلوک روا رکھنا چاہیے، یہاں سندھی، بلوچی، پشتون، پنجابی کی جنگ جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ شکاگو میں جن لوگوں نے جان دی انہوں نے اپنے حقوق حاصل کرلئے اور اپنے اوقات کار مقرر کرادیئے لیکن یہاں ایسا کچھ نہیں ہوتا کیونکہ زندہ باد اور مردہ باد کا نعرہ لگانے والے نہ تو تاریخ بنا سکتے ہیں اور نہ ہی تاریخ کا حصہ بن سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی تقسیم کو روکنا ہے اور اپنے مسائل حل کرنے ہیں تو ہمیں ایک بار مرنے کا فیصلہ کرنا ہوگا۔انقلاب کیلئے ہمیں خود نکلنا ہوگا اور خود کو ایک پاکستانی ثابت کرکے ایک قوم کا تصور پیش کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ریاست ایم کیوایم کو روکنا چاہتی ہے کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ ایم کیوایم ایک قوم کا تصور لیکر جدوجہد کررہی ہے اور لوگوں میں شعور آگاہی فراہم کررہی ہے۔انہوں نے آج پاکستان کو ان مزدور کی ضرورت ہے جو اپنا لہو دیکر آنیوالے مزدور کو تحفظ فراہم کرسکیں آج ضرورت اس بات کی ہے کہ پاکستان کا مزدور اپنے حقوق کی

جدوجہد کیلئے نکلے اورنئی تاریخ رقم کریں۔ایم کیوایم کی رکن رابطہ کمیٹی،حق پرست صوبائی وزیروچیئر مین یوایل ایف سید شعیب احمد بخاری نے شکاگو کے مزدورکی تاریخی جدوجہد پرروشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کو پاکستان میں بسنے والے محنت کش مزدوروں سے محبت ویکجہتی ہے اوروہ ہرفورم پران کے حقوق کیلئے آوازاٹھاتے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم سب کومل کرمنزل کی طرف پہنچنا ہے اوریہ اس وقت ہی ممکن ہے جب الطاف حسین کی لیڈرشپ ورہنمائی ہمارے ساتھ ہو۔معروف صحافی وکالم نگارآغامسعودنے کہا کہ آج ملک میں جمہوریت نہیں بلکہ لوٹ مارکی سیاست ہورہی ہے پاکستان میں انقلاب کیلئے پورا معاشرہ تیارہے پاکستان میں تیس لاکھ خواتین زرعی شعبوں سے وابستہ ہیں جبکہ چارملین بچوں سے محنت کرائی جاتی ہے اوریہاں محنت کشوں کے ساتھ بہیمانہ ظلم جاری ہے جس کودیکھ توسب رہے ہیں لیکن اس کے خلاف آوازاٹھانے والاکوئی نہیں۔ریاست کامحنت کشوں کے ساتھ رویئہ ہمیشہ منفی رہاہے اورمحنت کش بے آسراہیں آج مختلف حربوں کے ذریعے پاکستان میں انڈسٹری کوختم کیاجارہاہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اس فرسودہ نظام کوختم کرنے کیلئے ہراول دستے کا کرداراداکرے اورمحنت کشوں کے حقوق کیلئے آگے آئے۔معروف دانشوراورسینئرصحافی مقتدامنصورنے کہا کہ ایم کیوایم مڈل کلاس طبقہ کی جماعت ہے جوغریب مزدوروں کے مسائل کوبہترطریقے سے سمجھ سکتی ہے جن سے محنت کش گزرتے ہیں۔انہوں نے پاکستان میں محنت کشوں اورمزدوروں کے مسائل پرگفتگوکرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ایسی جماعت ہے جوٹیکنوپولیٹس کوسمجھتی ہے لہٰذااس کی ذمہ داری ہے وہ محنت کشوں اورمزدوروں کے مسائل کے حل کیلئے جامع حکمت عملی اختیارکرے اوران کے حل کیلئے آگے بڑھے۔انہوں نے کہا کہ سٹی گورنمنٹ میں ایم کیوایم کی کارکردگی کاتعریف کی اورکہا کہ الطاف حسین نے جوٹیم ورک فراہم کی آج بھی اسی ٹیم ورک کی ضرورت ہے اورایم کیوایم اس حوالے سے یقیناً کوئی نہ کوئی اقدام اٹھائیگی۔اس سے قبل انچارج لیبرڈویژن سیدکاظم رضانے کہا کہ آج کادن پوری دنیامیں مزدوروں کے عالمی دن کے حوالے سے منایاجاتاہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے محنت کشوں کے جائزحقوق کی ہمیشہ حمایت کی اوران کے حقوق کے حصول کیلئے لیبرڈویژن کے نام سے شعبہ بھی بنایا۔

## ایم کیوایم لیبرڈویژن کے زیراہتمام شکاگوکے مزدوروں کی یادمیں یکم مئی ’’یومِ مزدور‘‘پورے جوش وجذبے سے منایاگیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیوایم لیبرڈویژن کے زیراہتمام شکاگوکے مزدوروں کی یادمیں یکم مئی ’’یومِ مزدور‘‘پورے جوش وجذبے سے منایاگیااورشکاگومیں جاں بحق ہونیوالے تمام مزدوروں کوزبردست خراج عقیدت پیش کیاگیا۔یومِ مزدورکے سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈعزیزآبادمیں محنت کشوں کااجتماع منعقدکیاگیاجس میں مختلف سرکاری نیم سرکاری اداروں کی سی بی اے یونینز،محنت کش تنظیموں،انجمنوں کے عہدیداران اورمحنت کشوں نے بڑی تعدادمیں شرکت کی۔یومِ مزدورکے سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈمیں غیرمعمولی انتظامات کیے گئے تھے اورگراؤنڈمیں بڑاپنڈال تیارکیاگیاتھاجس میں سامنے کی جانب سادہ اسٹیج بنایاگیاتھااسٹیج کے عقب میں بڑی اسکرین لگائی گئی تھی جس پر’’بندۂ مزدورکوجاکرمیراپیغام دے،یوم مزدوریکم مئی‘‘جلی حروف میں تحریرتھاجبکہ دائیں جانب جناب الطاف حسین کی تصویرنمایاں تھی،اسکرین پرنیچے کی طرف محنت کشوں کی تصویردکھائی گئی تھی۔اسکرین کے اطراف جناب الطاف حسین کی تصویریں لگائی گئی تھی۔پنڈال میں محنت کشوں کیلئے کرسیوں کااہتمام کیاگیاتھاجبکہ پنڈال میں مختلف اداروں کی سی بی اے یونینزاورمحنت کش تنظیموں کی جانب سے بڑی تعدادمیں بینرزآویزاں کیے گئے تھے جن پرانقلابی اشعاراورکلمات تحریرتھے۔اجتماع کاباقاعدہ آغازتلاوت قرآن پاک سے ہوا۔یومِ مزدورکے اجتماع سے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹرفاروق ستار،اراکین رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری،وسیم آفتاب،معروف صحافی ودانشورمقتدامنصور،آغازمنصور،لیبرڈویژن کے انچارج سیدکاظم رضانے خطاب کیا۔اس موقع پراراکین رابطہ کمیٹی اشفاق منگی،افتخاراکبررندھاوا،سیدشاکرعلی اورایم کیوایم کے رہنماءعامرخان بھی موجودتھے۔

## ممتازصوفی گلوکارہ عابدہ پروین کی علالت پرجناب الطاف حسین کااظہارتشویش

## حق پرست عوام سے اپیل کہ وہ عابدہ پروین کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضورخصوصی دعائیں کریں

لندن:۔۔۔یکم مئی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ممتازصوفی گلوکارہ عابدہ پروین کی علالت پرگہری تشویش کااظہارکرتے ہوئے ان کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعاکی۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام بالخصوص ماؤں،بہنوں،بزرگوں،نوجوانوں اورایم کیوایم کے کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ عابدہ پروین کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضورخصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔یکم مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 154 قاسم اقبال کے والدہ محترمہ دُرشہوار، ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 169 کے سنیئر کارکن کبسیر الرحمان لانڈھی سیکٹر یونٹ 81 کے کارکن جاوید کے بڑے بھائی محمد اقبال، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے کارکن معراج کی زوجہ زاکرہ بیگم، نواب شاہ زون یونٹ A-7 کے عبدالسمیع ملک کے والد حاجی بشیر احمد غوری، کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی یونٹ عمر بلوچ کے کارکن شمیم حسین اور ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 34 کے ہمدرد غوث محمد نیازی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین) رابطہ کمیٹی نے بھوجا ائیر لائن میں حادثہ میں لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 163 ایم کیوایم کے ہمدرد محمد قاسم جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین کو صبر کی تلقین۔

## ایم کیوایم حیدرآباد، میرپورخاص اور سکھر پریس کلب میں محنت کشوں کے عالمی کے موقع پر ریلیوں کا انعقاد

حیدرآباد، سکھر، میرپورخاص:۔۔۔ 01 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن حیدرآباد کے زیراہتمام مزدور ڈے کے سلسلے میں ٹی ایم اے سٹی سے اور ٹی ایم اے لطیف آباد سے حیدرآباد پریس کلب تک ریلیاں نکالی گئی اس موقع پر مختلف اداروں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم حیدرآباد لیبر ڈویژن کے ذمہ داران اور کارکنان نے سانحہ شگاگو میں شہید ہونے والے مزدوروں سے بھرپور انداز میں اظہار یکجہتی کی بعدازیں یہ ریلی ایم کیوایم حیدرآباد زونل آفس پر جاکر اختتام پذیر ہوئی۔ زونل آفس پر ایم کیوایم حیدرآباد کے جوائنٹ زونل انچارج نوید شمسی، ذوالفقار علی خانزادہ، رکن عابد غوری اور حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین نے ریلی کا استقبال کیا۔ زونل آفس پر ریلی کے شرکاء سے رکن قومی اسمبلی صلاح الدین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مزدوروں کی معاشی بدحالی پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے مترادف ہے کیونکہ خوشحال مزدور مستحکم پاکستان کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ ملک میں غریب ومظلوم طبقہ کو اس کا جائز حق دلوانے پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یکم مئی شگاگو میں پیش آنے والے حادثہ میں جاں بحق ہونیوالے مزدوروں کو یاد رکھنے اور ان سے اظہار یکجہتی کیلئے لیبر دویژن حیدرآباد کی شاندار ریلی کے انعقاد پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ اس موقع پر ایم کیوایم حیدرآباد لیبر ڈویژن کے انچارج جاوید خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے مزدور طبقہ کیلئے جو جدوجہد کی اس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مزدور طبقہ بہت جلد قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں اپنی منزل حاصل کرلے گا۔ انہوں نے کہا کہ لیبر ڈویژن کے کارکنان متحد ومنظم ہیں اور وہ تحریک کی کامیابی کیلئے فعال دستہ کا کردار ادا کریں گے۔ اسی طرح ایم کیوایم لیبر ڈویثرن سکھر کے زیراہتمام یکم مئی (لیبر ڈے) کے موقع پر پریس کلب سے زون آفس تک ریلی نکالی گی جس میں زونل انچارج محمد قطب الدین واراکین زونل کمیٹی، لیبر ڈویثرن کے انچارج عمران معین الطافی واراکین کمیٹی، یوینز کے ذمہ داران وکارکنان سمیت مختلف اداروں سے تعلق رکھنے والے سرکاری ونیم سرکاری محنت کش مزدوروں اور عہدیداران نے بھی شرکت کی اس موقع پر سکھر زون کے زونل انچارج محمد قطب الدین نے ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مزدوروں کے حقوق کے بغیر کسی بھی ملک کی تعمیر وترقی ناممکن ہے مزدوروں کے حقوق کی جدوجہد میں قائد تحریک جناب الطاف بھائی کا مثالی اور عملی کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں کیوں کے قائد تحریک جناب الطاف حسین بھائی نے ہمیشہ مزدوروں کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے اور اب وہ دن دور نہیں جب قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین بھائی کی قیادت میں اس ملک پر مزدورں کی حکمرانی ہوگی۔ اسی طرح ایم کیوایم لیبر ڈویژن میرپورخاص ڈویژن کے زیراہتمام مزدوروں کے عالمی کے موقع پر میرپورخاص پریس کلب سے زون آفس تک ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ایم کیوایم میرپورخاص زون کے انچارج فرید احمد واراکین زونل کمیٹی، لیبر ڈویژن کے انچارج جمیل احمد، جوائنٹ انچارج عبدالرحیم قائم خانی واراکین کمیٹی، یوینز کے ذمہ داران وکارکنان سمیت مختلف اداروں سے تعلق رکھنے والے سرکاری ونیم سرکاری محنت کش مزدروں اور عہدیداران نے بھی شرکت کی۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک کی مظلوم ومحکوم عوام کیلئے روشنی کی کرن ہے،ایم کیوایم سیاسی جماعت نہیں بلکہ انقلابی تحریک ہے،
## حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف کا زونل آفس پر سیکٹرز و یونٹس اور دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔01 مئی 2012ء

ایم کیوایم حیدرآباد زون کے انچارج محمد شریف نے کہا ہے کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک کی مظلوم ومحکوم عوام کیلئے روشنی کی کرن ہے جوظلم و جبر کے اندھیروں کو دور کر کے دم لیں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے زونل آفس پر سیکٹرز و یونٹس اور دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں اراکین زونل کمیٹی سیکٹرز و یونٹس کے ذمہ داران کی کثیر تعداد میں موجود تھی۔انہوں نے مزید کہا کہ آج قائدتحریک جناب الطاف حسین کی شب و روز کی انتھک محنت کی بدولت ہی ملک کے غریب و پسے ہوئے طبقے میں انقلابی سوچ بیدار ہو رہی ہے اور ملک کے عوام یہ بات جان چکے ہیں کہ اب ایم کیوایم اور قائدتحریک جناب الطاف حسین ہی اس ملک کو بچانے کیلئے آخری امید ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کے تیزی سے پھیلتے ہوئے نظریہ اور فکر و فلسفہ نے جاگیردارانہ و سرمایہ دارانہ نظام کے حامیوں کی نیندیں اڑادیں ہیں اور انہیں ایم کیوایم کی مقبولیت ایک آنکھ نہیں بھارہی اور وہ ایم کیوایم کے خلاف سازشوں میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج تحریک کو اتحاد کی پہلے سے کہیں زیادہ ضرورت ہے اور اتحاد صرف اور صرف نظم و ضبط سے ہی حاصل ہوتا ہے لہٰذا کارکنان اپنا نظم و ضبط بہتر بنائیں تاکہ ہم ہر آنے والے حالات کا متحد و منظم ہو کر مقابلہ کر سکیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ صرف ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک انقلابی تحریک ہے اور سیاسی جماعتوں اور انقلابی تحریکوں میں واضح فرق ہوتا ہے، سیاسی جماعتیں اقتدار کے حصول اور انقلابی جماعتیں نظام کی تبدیلی کیلئے ہوتی ہیں، قائدتحریک جناب الطاف حسین ایم کیوایم کے پلیٹ فارم سے ملک میں جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کی تبدیلی کی پرامن جدوجہد کر رہے ہیں اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریہ کی بدولت آج تحریک میں ہر زبان، رنگ، نسل اور مذہب سے تعلق رکھنے والے لوگ موجود ہیں اور 98% فیصد عوام کے اس اتحاد و اتفاق کا گلدستہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی 34 سالہ جدوجہد اور لازوال قربانیوں کا ثمر ہے۔اجلاس سے ایم کیوایم حیدرآباد کے جوائنٹ زونل انچارجز نوید شمسی اور ذوالفقار علی خانزادہ نے بھی خطاب کیا۔

## سرکاری سرپرستی میں لینڈ مافیا کی جانب سے حیدرآباد شہر کی قیمتی اراضی پر غیر قانونی تعمیر اور قبضہ کی پر
## حق پرست اراکین قومی اسمبلی صلاح الدین اور سید طیب حسین کا اظہار مذمت

حیدرآباد۔۔۔یکم مئی، 2012ء

حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے حق پرست اراکین قومی اسمبلی صلاح الدین اور سید طیب حسین نے سرکاری سرپرستی میں لینڈ مافیا کی جانب سے حیدرآباد شہر کی قیمتی اراضی پر غیر قانونی تعمیر اور قبضہ کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے وفاقی و صوبائی حکومت سمیت چیف جسٹس آف پاکستان سے اپیل کی کہ وہ حیدرآباد شہر بھر سے سرکاری اراضی سے غیر قانونی قبضہ ختم کرائیں اور ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ انتظامیہ کے خلاف سخت قانونی ایکشن لیں۔اپنے مشترکہ بیان انہوں نے کہا کہ حق پرست نمائندوں نے کئی بار ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ انتظامیہ کو شہر کے حوالے سے متعدد بار توجہ دلائیں مگر انتظامیہ کی پراسرار اور مجرمانہ خاموشی جس کی واضح مثال ریڈیو پاکستان حیدرآباد کے سامنے کوآپریٹو بینک کی عمارت کے ساتھ سرکاری قیمتی اراضی پر غیر قانونی تعمیرات ہے۔انہوں نے اس کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ انتظامیہ کو متعدد بار اس غیر قانونی تعمیرات پر توجہ دلائی کہ وہ اس تعمیرات کو رکوائیں اور انکے خلاف قانونی کاروائی کریں لیکن انتظامہ کی پرسرار خاموشی قبضہ مافیا کی پشت پناہی کے مترادف ہے، اگر فوری طور پر انتظامیہ نے ایکشن نہیں لیا تو عوامی سطح پر بھی اسکے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔

## حیدرآباد یونین آف جرنلسٹ 2012ء کے انتخابات میں نومنتخب ہونے والے تمام عہدراران کو
## ایم کیوایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف و اراکین زونل کمیٹی کی جانب سے مبارکباد

حیدرآباد۔۔۔01 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف و اراکین زونل کمیٹی نے حیدرآباد یونین آف جرنلسٹ 2012ء کے انتخابات میں نومنتخب ہونے والے صدر فرحان آفندی اور جنرل سیکرٹری عرفان آرائیں سمیت تمام نومنتخب عہدراران کو مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ نومنتخب عہدراران جرنلسٹ کی فلاح و بہبود اور انکے مسائل کو حل کرنے میں اپنی بھرپور صلاحیتوں کا استعمال کرینگے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد ملک کے غریب اور مظلوم عوام کیلئے آزادی کا پیغام ہے، عمر قریشی
## میرپورخاص میں مختلف سیکٹرز و یونٹس کے دورے کے دوران کارکنان سے گفتگو

میرپورخاص۔۔۔یکم مئی، 2012ء

ایم کیو ایم کی سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد ملک کے غریب اور مظلوم عوام کیلئے آزادی کا پیغام ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میرپورخاص میں مختلف سیکٹرز و یونٹس کے دورے کے دوران کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 64 برسوں سے ملک کے وسائل اور اقتدار پر جاگیردار اور وڈیرے کرپٹ اور موروثی سیاست کے ذریعے قابض ہیں اور ملک کے وسائل کو بے دردی سے لوٹنے میں مصروف ہیں، اسی جاگیردارانہ اور وڈیرانہ کلچر کے تحت 98 فیصد غریب اور مظلوم عوام باعزت زندگی گزارنے کئی تمام بنیادی سہولتوں سے محروم اور غلاموں سے بدتر زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج ملک میں بے روزگاری، کرپشن، لاقانونیت اور جرائم میں ہوشربا اضافہ ہو چکا ہے اور غریب کی زندگی مشکل سے مشکل تر ہوتی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مایوسی کے اندھیروں میں ایم کیو ایم ملک کے غریب اور مظلوم عوام کیلئے امید کی واحد کرن ثابت ہو رہی ہے کیونکہ ملک کے مظلوم اور محروم عوام اس بات سے بخوبی واقف ہو چکے ہیں کہ ملک کے مسائل اور مشکلات کو ظالم جاگیردار اور وڈیرے کسی طور حل نہیں کر سکے بلکہ ملک کے غریب اور متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ، ایماندار نوجوان ہی اس ملک کی تقدیر سنوارنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ عوام جوق در جوق ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر و فلسفہ سے متاثر ہو کر حق پرستانہ جدوجہد میں شریک ہو رہے ہیں اور وہ دن دور نہیں جب ملک کے غریب اور متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد بھی اپنے جائز حقوق حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ اس موقع پر ایم کیو ایم سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان فیروز حید خان، عبدالحمید خان، جوائنٹ زونل انچارجز عارف مہاجر، احمد رضا خان اور دیگر اراکین زونل کمیٹی بھی موجود تھے۔

## صرف متحدہ قومی موومنٹ مزدوروں کو انکے حقوق دلوا سکتی ہے، عبدالکریم،
## یہ اعزاز ایم کیو ایم کے علاوہ کسی کو حاصل نہیں کہ عام مزدور اور غریب افراد کو قومی و صوبائی اسمبلیوں میں منتخب کروایا، عبدالحمید اعوان
## گجرانوالہ میں عظیم الشان ریلی سے خطاب

گجرانوالہ زون:۔۔۔یکم مئی، 2012ء

ایم کیو ایم گوجرانوالہ زون کے انچارج عبدالکریم اور ضلعی انچارج عبدالحمید اعوان نے کہا ہے کہ صرف متحدہ قومی موومنٹ مزدوروں کو انکے حقوق دلوا سکتی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے عظیم الشان ریلی میں شریک سینکڑوں کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر اراکین زونل کمیٹی رانا ساجد، طلعت باجوہ، ضلع جوائنٹ انچارج رانا عثمان، رکن کمیٹی رانا عبدالرحمٰن، دلشاد، جمشید ڈار اور احمد رضا لودھی بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ دن دور نہیں جب پورے ملک میں ایم کیو ایم کی حکومت ہوگی اور کسی مزدور کا بچہ نہ تو بھوکا سوئے گا اور نہ ہی صحت اور تعلیم کی بنیادی سہولتوں سے محروم رہے گا۔ کس کو مزدوروں کا حق کھانے نہیں دیا جائے گا، ملک کے مزدور کی خوشحالی کیلئے ٹھوس بنیادوں پر کام کئے جائیں گے کیونکہ ملک کا مزدور خوشحال ہوگا تو ہمارا ملک بھی خوشحال ہوگا۔ یہ ایم کیو ایم کی کوششوں کا نتیجہ ہے کہ پاور لوم زن کے کے مزدور جسکی تنخواہ صرف پانچ ہزار روپے تھی اور اس کی بیوی بھی اسی فیکٹری میں کام کرتے تھی اسکو الیکشن لڑوا کر قومی اسمبلی میں بھیجا اس مزدور کا نام پرویز ہے کسی کو تصدیق کرنی ہے تو الیکشن کمیشن کے پاس جا کر اسکی تصدیق کر سکتا ہے یہ اعزاز ایم کیو ایم کے علاوہ کسی کو حاصل نہیں کہ عام مزدور اور غریب افراد کو قومی و صوبائی اسمبلیوں میں منتخب کروانا۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ خوشحال ہوں اور ملک بھی خوشحال ہو تو جناب الطاف حسین کا بازو بنیں اور جدوجہد میں اپنا حصہ ضرور ڈالیں۔

## اے پی ایم ایس او میرپورخاص سیکٹر کے تحت پہلا شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل نذیر حسین انسٹیٹیوٹ نے جیت لیا
## بانی و قائد تحریک الطاف حسین کا ویژن ہے کہ ایک صحت مند معاشرہ صحت مند ملک و قوم کو جنم دیتا ہے، شبیر علی بابر

میرپورخاص۔۔۔یکم مئی، 2012ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن میرپورخاص سیکٹر کے تحت پہلا شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل نذیر حسین انسٹیٹیوٹ نے سخت مقابلے کے بعد جیت لیا۔ گورنمنٹ شاہ عبداللطیف کالج کے گراؤنڈ پر کھیلے جانے والے اس ٹورنامنٹ کے فائنل میں نذیر حسین انسٹیٹیوٹ کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ آٹھ اوورز میں 87 رنز اسکور کیے

جبکہ سندھ یونیورسٹی کیمپس کی ٹیم ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے صرف 78 رنز بنا سکی۔ اس موقع پر ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب بھی منعقد کی گئی جس میں اے پی ایم ایس او کے مرکزی نشر و اشاعت سیکریٹری شبیر علی بابر، فنانس سیکریٹری امر قائم خانی، مرکزی رکن سید عدیل صفری، متحدہ میر پور خاص کے جوائنٹ زونل انچارج احمد رضا، رکن ڈاکٹر ظفر کمالی، ریجنل ڈائریکٹر میر پور خاص ڈاکٹر سعید احمد، شاہ عبداللطیف کالج کے پرنسپل اکبر خاصخیلی و دیگر اساتذہ کرام سمیت اے پی ایم ایس او میر پور خاص سیکٹر کے ذمہ داران و کارکنان اور طلبہ کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی نشر و اشاعت سیکریٹری شبیر علی بابر نے کہا کہ بانی و قائد تحریک الطاف حسین کا وژن ہے کہ ایک صحت مند معاشرہ ہی صحت مند قوم کو جنم دیتا ہے لہذا اے پی ایم ایس او اپنی نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں کے سلسلے کو برقرار رکھے ہوئے ہے۔ انھوں نے ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر میر پور خاص سیکٹر کے ذمہ داران و کارکنان مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ طالبعلموں کی فلاح و بہبود کے لیے ایسی مثبت سرگرمیوں کا انعقاد کرتے رہینگے۔ قبل ازیں زونل ممبر ڈاکٹر ظفر کمالی نے اے پی ایم ایس او کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

☆☆☆☆☆